© rasailojaraid.com



عبدالقیوم حقانی

# تبصرۂ کتب

**تذکرہ دیارِ حبیب** | ازقلم قاضی محمد زاہد الحسینی

کتابت عمدہ، طباعت دیدہ زیب، صفحات ۴۵۲۔ قیمت ۱۰۰ روپے پنہ۔ دارالارشاد مدنی روڈ۔ اٹک شہر۔

پیشِ نظر کتاب علامہ سمہودی کی "وفاء الوفاء" کا سلیس اردو ترجمہ ہے۔ جس میں مدینہ منورہ کے حالات خصوصاً دار المصطفیٰ کو تفصیل وتشریح سے بیان کیا گیا ہے۔ علماء سیرت وتاریخ نے اس کتاب سے استناد کو اہمیت دی۔ علامہ عبدالحی لکھنوی اپنے فقہی افادات وشروحات میں مولانا خلیل احمد نے بذل المجہود میں اور علامہ انور شاہ کشمیری نے فیض الباری میں اس کتاب سے کئی مسائل میں استدلال اور استنباط کیا ہے۔ سیرت کے طلبہ کوچۂ محبوب کے راہ نوردوں، دیارِ حبیب کی تمنا رکھنے والے محبانِ صادق اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ بھی حصہ رکھنے والے اہل اسلام کے لئے "تذکرہ دیارِ حبیب" ایک گراں قدر نایاب اور قیمتی سوغات ہے کتاب کی اپنی جامعیت وافادیت بہ ہزار اعتراف مسلّم مگر حضرت قاضی صاحب کے سلیس ترجمہ اور شگفتہ تحریر نے اس کے افادہ واہمیت اور ضرورت کو دوبالا کر دیا ہے۔ مترجم نے گویا بحرِ عشق ومحبت میں ڈوب کر اخلاص وللہیت کی روشنائی سے قلم کو سیراب کیا۔ اور ملت اسلامیہ کی پیاس بجھائی۔

مزہ تب آتا جب سیرت وتاریخ اور مطالعہ سے ادنیٰ مناسبت رکھنے والے اردو مندانِ اسلام بھی وقت نکال نکال کر اس کا مطالعہ کرتے۔ اس کے علوم ومعارف سے استفادہ کرتے۔ تذکرہ دیارِ حبیب کے حلقے قائم ہوتے۔ عشقِ رسول کے "تذکرے ہوتے۔ اور حبیب سے محبت کے رشتے بڑھتے۔ ع

ذکرِ حبیب کم نہیں وصلِ حبیبؐ سے

کا سماں بندھتا۔ وفاء الوفاء کے ترجمہ کے سلسلہ میں تذکرہ دیارِ حبیب نقشِ اول ہے۔ جو ہر لحاظ سے خوب تر ہے خدا کرے کہ مترجم محترم اس سلسلہ کو تکمیل تک پہنچائیں اور یقین ہے نقشِ ثانی وثالث بھی جلد منظرِ عام پر لاکر تشنگان تک پہنچائیں گے۔ کتابت وطباعت کے مشکلات اور گرانی کے اس دور میں قیمت بھی معقول ہے قارئین سے استفادہ کی پرزور سفارش ہے۔

**کتاب المعارف** | مصنف ابن قتیبہ مترجم سلام اللہ صدیقی۔ صفحات ۱۵۳ قیمت ۴۵ روپے۔ ناشر

© rasailojaraid.com